ماہنامہ انصار اللہ

اکتوبر 2008ء
اخاء 1387ہش

ایڈیٹر
نصیر احمد انجم

راہِ مولیٰ میں جو مرتے ہیں وہی جیتے ہیں



مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب
مورخہ 8 ستمبر 2008ء کو راہ مولیٰ میں قربان ہوئے

مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب مورخہ 9 ستمبر 2008ء کو
راہ مولیٰ میں قربان ہوئے

مکرم شیخ سعید احمد صاحب مورخہ 13 ستمبر 2008ء کو
راہ مولیٰ میں قربان ہوئے

احمدی انصار کی تعلیم و تربیت کیلئے

ماہنامہ

انصار اللہ

ایڈیٹر: نصیر احمد انجم

تبوک 1387 ہش ستمبر 2008ء

جلد ---------------------- 49

شمارہ ---------------------- 9

فون نمبر 047-6212982 ۔ فیکس 047-6214631

ای میل ansarullahpakistan@gmail.com

نائبین

- ریاض محمود باجوہ
- صفدر نذیر گولیکی
- محمود احمد اشرف

پبلشر: عبدالمنان کوثر

پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ

کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ: انیس احمد

مقام اشاعت: دفتر انصار اللہ

دار الصدر جنوبی چناب نگر (ربوہ)

مطبع: ضیاء الاسلام پریس

شرح چندہ: پاکستان

سالانہ........................ایک سو روپیہ

قیمت فی پرچہ.................. 10 روپے

اس شمارہ میں

اداریہ.. 2

القرآن.. 3

حدیث نبویؐ.. 4

عربی منظوم کلام.. 5

فارسی منظوم کلام.. 6

اردو منظوم کلام.. 7

کلام الامام.. 8

مہینوں کا سردار رمضان المبارک.. 9-16

مکرم محمد مقصود احمد صاحب منیب

تین جاں نثارانِ احمدیت کا ذکرِ خیر.. 17-23

مرتبہ: مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب

خدا کرے (کلام محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس بیگم صاحبہ).. 24

مقابلہ مقالہ نویسی ''حضرت سیّدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ''

برائے مجلس لجنہ اماء اللہ پاکستان.. 25-27

قیادت تعلیم ۔ مجلس انصار اللہ ۔ پاکستان

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''وقفِ زندگی''

برائے مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان.. 28-30

قیادت تعلیم ۔ مجلس انصار اللہ ۔ پاکستان

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''پانچ بنیادی اخلاق''

برائے مجلس اطفال الاحمدیہ و ناصرات الاحمدیہ پاکستان........ 31-33

قیادت تعلیم ۔ مجلس انصار اللہ ۔ پاکستان

خلافت جوبلی پیس کانفرنس جماعت احمدیہ برطانیہ.. 34-36

اخبار مجالس.. 37-40

مرتبہ: مکرم مسعود احمد سلیم صاحب

نتیجہ امتحان: کتاب ''اختلافاتِ سلسلہ کی تاریخ کے صحیح حالات''........ 41-44

اداریہ

نیکیوں کے موسمِ بہار۔ رمضان المبارک میں سرزمینِ سندھ میں تین احمدیوں کی جان کی قربانی

رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے۔ اس ماہ میں جب عام لوگوں کی توجہ نیکی اور پارسائی کی طرف لگی ہوتی ہے۔ ایسے میں بعض بدبخت ظالم لوگ معصوم احمدیوں کا خون کرنے کے جنون میں مبتلا نظر آتے ہیں۔

چنانچہ اس رمضان المبارک میں پاکستان میں تین اور احمدیوں کو راہِ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا۔ یہ تینوں ظالمانہ واقعات صوبہ سندھ میں ہوئے۔ یہ معصوم احمدی کسی جرم کے مرتکب نہ تھے۔ اپنے علاقے میں نیک نام اور معاشرے کے مفید وجود تھے۔ ان کا ''جرم'' صرف ان کا احمدی ہونا تھا۔

پاکستان میں 1974ء کی دستور میں ترمیم کے بعد احمدیوں کے خلاف ایسی گھناؤنی ظالمانہ کارروائیاں ہوتی چلی آ رہی ہیں اور جن کے نتیجہ میں درجنوں احمدی راہ خدا میں اپنی جان کی قربانی دے چکے ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ ان سب جانثاروں کی روحوں پر اپنی رحمتوں کی موسلا دھار برسات نازل فرمائے۔ ان کے پسماندگان کا خود کفیل ہو۔ آمین۔

پاکستان کے اربابِ حل وعقد کو سنجیدگی سے سوچنا چاہیئے کہ ایسے مذہبی جنونیوں سے ملکی شہریوں کے جان و مال کو تحفظ دینے کے لئے ٹھوس اور عملی قدم اٹھائے جائیں۔

جماعت احمدیہ کے تمام افراد احباب کو اپنے مولا کے حضور اپنے چاک گریبان پیش کرنے چاہئیں کہ خالق و مالک ربِ کائنات خود ان تمام ظالموں سے نپٹے۔

اب تو فراقِ صبح سے بجھنے لگی حیات
بارِ الٰہ کتنے پہر رہ گئی ہے رات

جاگے کوئی ستارہ صبحِ یقین کہ پھر
سر سے بلند ہو گیا سیلِ توہمات

ہر تیرگی میں تو نے اتاری ہے روشنی
اب خود اُتر کے آ کہ سیہ تر ہے کائنات

☆☆☆

القرآن

مسابقت فی الخیرات

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا
الْخَيْرٰتِ ۚ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ
اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○

(سورۃ البقرہ:149)

ترجمہ: اور ہر ایک کے لئے ایک مطمعِ نظر ہے جس کی طرف وہ مُنہ پھیرتا ہے۔ پس نیکیوں میں ایک دوسرے پر سبقت لے جاؤ۔ تم جہاں کہیں بھی ہو گے اللہ تمہیں اکٹھا کر کے لے آئے گا۔ یقیناً اللہ ہر چیز پر جسے وہ چاہے دائمی قدرت رکھتا ہے۔

(اردو ترجمہ از حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ)

☆ ☆ ☆

حدیث نبوی ﷺ

پسندیدہ عمل

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَتْ عِنْدِي امْرَأَةٌ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : **مَنْ هٰذِهِ؟** قُلْتُ: فُلَانَةٌ لَا تَنَامُ تَذْكُرُ مِنْ صَلٰوتِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : **مَهْ عَلَيْكُمْ بِمَا تُطِيْقُوْنَ، فَوَاللّٰهِ! لَا يَمَلُّ اللّٰهُ حَتّٰى تَمَلُّوْا، قَالَتْ: وَكَانَ اَحَبُّ الدِّيْنِ اِلَيْهِ الَّذِيْ يَدُوْمُ عَلَيْهِ صَاحِبُهٗ.**

(ابن ماجہ ابواب الزھد باب المداومة علی العمل)

ترجمہ۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت بیٹھی ہوئی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور پوچھا یہ کون عورت ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یہ فلاں ہے جو اس قدر عبادت اور ذکر الٰہی میں مشغول رہتی ہے کہ سوتی بھی نہیں۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چھوڑو۔ تم پر اسی قدر عبادت واجب ہے جتنی تم میں طاقت ہے۔ خدا کی قسم! تم تھک اور اکتا جاؤ گے اور اللہ تعالیٰ نہیں اکتائے گا۔ اللہ تعالیٰ کو وہی عمل پسند ہے جس پر میانہ روی کے ساتھ مداومت ہو۔

☆☆☆

عربی منظوم کلام

وَحُبُّ الْهَوٰى وَاللّٰهِ صِلٌّ مُّدَمِّرٌ

أَطِعْ رَبَّكَ الْجَبَّارَ اَهْلَ الْاَوَامِرِ
وَخَفْ قَهْرَهٗ وَاتْرُكْ طَرِيْقَ التَّجَاسُرِ

اطاعت کر، اپنے رب کی، جو جبار اور احکام دینے کا حقدار ہے اور اس کے قہر سے ڈر اور بے جا دلیری کا طریق چھوڑ دے

وَكَيْفَ عَلٰى نَارِ النَّهَابِرِ تَصْبِرُ
وَاَنْتَ تَاَذّٰى عِنْدَ حَرِّ الْهَوَاجِرِ

اور تو جہنم کی آگ پر کیسے صبر کر سکے گا حالانکہ تو تو دوپہروں کی تپش سے بھی تکلیف محسوس کرتا ہے

وَحُبُّ الْهَوٰى وَاللّٰهِ صِلٌّ مُّدَمِّرٌ
كَمَلْمَسِ اَفْعٰى نَاعِمٌ فِي النَّوَاظِرِ

اور ہوا و ہوس کی محبت، خدا کی قسم! ایک مہلک سانپ ہے جو سانپ کی کینچلی کی طرح بظاہر نرم دکھائی دیتی ہے

فَلَا تَخْتَرُوا الطَّغْوٰى فَاِنَّ اِلٰهَنَا
غَيُوْرٌ عَلٰى حُرُمَاتِهٖ غَيْرُ قَاصِرِ

تم سرکشی اختیار نہ کرو کیونکہ ہمارا معبود اپنی حرمتوں کی حفاظت پر غیرت مند ہے اور کوتاہی کرنے والا نہیں۔

وَلَا تَحْسَبَنْ ذَنْبًا صَغِيْرًا كَهَيِّنٍ
فَاِنَّ وَدَادَ اللَّمَمِ اِحْدَى الْكَبَائِرِ

اور تو چھوٹے سے گناہ کو بھی معمولی مت سمجھ کیونکہ چھوٹے گناہ کی محبت بھی بڑے گناہوں میں سے ایک گناہ ہے

وَاٰخِرُ نُصْحِيْ تَوْبَةٌ ثُمَّ تَوْبَةٌ
وَمَوْتُ الْفَتٰى خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ مَّنَاكِرِ

اور میری آخری نصیحت یہ ہے کہ توبہ کر، پھر توبہ کر اور گناہوں میں مبتلا ہونے کی نسبت جوان کا مر جانا بہتر ہے۔

(القصائد الاحمدیہ مترجم جدید ایڈیشن صفحہ 214)

فارسی منظوم کلام

آہ صد آہ رفت عمر بباد

رائے واعظ اگرچہ رائے من است
لیک عشقِ تو بند پائے من است

اگرچہ میری رائے بھی واعظ کی رائے ہے لیکن تیرے عشق کی بیڑی میرے پَیروں میں پڑی ہوئی ہے

آہ صد آہ رفت عمر بباد
نفسِ بدکیش ماشد منقاد

افسوس صد افسوس کہ عمر برباد ہو گئی۔ مگر ہمارا بدسرشت نفس مطیع نہ ہوا

ہیچ دشمن بدشمنے نہ کند
آنچہ کردیم ما بخود بیداد

دشمن بھی دشمن کے ساتھ وہ نہیں کرتا جو ظلم ہم نے آپ اپنے اُوپر کیا

دل نہادنِ بفکرتِ دُنیا
باز دارد زِ کار ہائے معاد

دُنیا کی فکر میں دل کو مصروف رکھنا، آخرت کے کاموں سے (انسان کو) باز رکھتا ہے۔

شخص دنیا پرست در دُنیا
چند روزے بسر کند دِل شاد

دُنیا پرست شخص دنیا میں چند روز ہی خوشی کے بسر کرتا ہے

فضلِ حق باید دریاضت سخت
تا بر آید زِ کذب و شر و فساد

خدا کے فضل اور سخت مجاہدے ہی سے انسان جھوٹ، شرارت اور فساد سے نجات پا سکتا ہے

(درثمین فارسی مترجم صفحہ 374-375)

اردو منظوم کلام

عنایات باری تعالیٰ

اُن کے لئے تو بس ہے خُدا کا یہی نشاں
یعنی وہ فضل اس کے جو مجھ پر ہیں ہر زماں
دیکھو! خُدا نے ایک جہاں کو جُھکا دیا!
گم نام پا کے شہرۂ عالم بنا دیا
جو کُچھ مری مراد تھی سب کُچھ دِکھا دیا
میں اِک غریب تھا مجھے بے انتہا دیا
دُنیا کی نعمتوں سے کوئی بھی نہیں رہی
جو اُس نے مُجھ کو اپنی عنایات سے نہ دی
کُچھ ایسا فضل حضرتِ ربُّ الوریٰ ہوا
سب دُشمنوں کے دیکھ کے اوساں ہوئے خطا
اِک قطرہ اُس کے فضل نے دریا بنا دیا
مَیں خاک تھا اُسی نے ثریا بنا دیا
مَیں تھا غریب و بیکس و گُم نام و بے ہُنر
کوئی نہ جانتا تھا کہ ہے قادیاں کِدھر
لوگوں کی اِس طرف کو ذرا بھی نظر نہ تھی
میرے وجُود کی بھی کِسی کو خبر نہ تھی
اب دیکھتے ہو کیسا رجُوعِ جہاں ہُوا
اِک مرجعِ خواص یہی قادیاں ہُوا

(درثمین اردو صفحہ 115 و117 مطبوعہ رقیم پریس لنڈن)

کلام الامام

دُنیا حدِّ اعتدال سے باہر ہو چکی ہے

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

’’دیکھو عمر کا بھروسہ نہیں۔ زمانہ بڑا ہی نازک آ گیا ہے۔ آپ لوگ دیکھتے ہوں گے کہ ہر سال کئی دوست اور کئی دشمن، کئی عزیز اور کئی پیارے بھائی اور بہن اس دُنیا سے کُوچ کر جاتے ہیں اور ان میں سے کوئی بھی عزیز سے عزیز اور قریبی سے قریبی رشتہ دار انسان کی مشکلات میں سہارا دینے والا نہیں ہو سکتا مگر بایں ہمہ انسان جس قدر محنت اور کوشش اور مجاہدہ ان کے واسطے اور اپنے دنیوی امور کے واسطے کرتا ہے۔ وہ بمقابلہ خدا کے بہت ہی بڑھا ہوا ہے۔ خدا تعالیٰ کی عبادت اور فرماں برداری اور اس کی راہ میں کوشش اور سوز و گداز بہت کچھ نابود ہے۔ اعتدال نہیں کیا گیا۔ دُنیا حدِّ اعتدال سے باہر ہو چکی ہے۔ دنیوی کاروبار میں ترقی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ترقی ہو رہی ہے۔ مگر بھلا کسی نے ایسی کوشش بھی کی ہے کہ ایک دن اس کی موت کا مقرر ہے اس سے بھی یہ خود اپنے آپ کو یا کوئی دوسرا شخص اس کو باز رکھ سکے یا بچا سکے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ اگر کوئی موت کا یاد دلانے والا ہوگا تو اس کی بھی پروا نہ کریں گے اور ہنسی ٹھٹھے میں ٹال دیں گے اکثر انسان بہت ہی غلطی پر ہیں۔‘‘

(ملفوظات جلد پنجم جدید ایڈیشن صفحہ 642 تا 643)

☆ ☆ ☆

مہینوں کا سردار

رمضان المبارک

(گزشتہ سے پیوستہ) (مکرم محمد مقصود احمد صاحب منیب)

فرشتوں کی دعا: ایک اور جزا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ دار کے لئے بیان فرمائی ہے اس کے بارے میں حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب رمضان المبارک کی پہلی رات ہوتی ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اُن میں سے ایک بھی دروازہ بند نہیں کیا جاتا یہاں تک کہ رمضان کی آخری رات آجاتی ہے اور کوئی مومن بندہ ایسا نہیں جو رات بھر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اور اس کے کھاتے میں ہر سجدہ کے بدلے سو نیکیاں نہ لکھی جاتی ہوں اور مومن کے لئے جنت میں سُرخ یاقوت کا دلکش گھر بنایا جاتا ہے جس کے ستر ہزار دروازے ہوتے ہیں اور اس گھر کے اندر ایک اور سونے کا محل ہوتا ہے جسے سرخ رنگ کے یاقوت سے سجایا جاتا ہے پس جب بھی کوئی مومن رمضان المبارک کے پہلے دن روزہ رکھتا ہے اس کے پہلے سب گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اسی طرح ماہ رمضان میں روزانہ ایسا ہی ہوتا ہے اور روزانہ ستر ہزار فرشتہ روزہ دار مومن کی بخشش کی دعائیں صبح کی نماز سے کرنا شروع کرتے ہیں اور رات تک کرتے چلے جاتے ہیں۔" (کنز العمال کتاب الصوم)

یہ ایسی جزا ہے جو صرف روزہ دار کے لئے مخصوص ہے۔ اس لئے ہم سب کو اپنے روزہ کا بہت خیال رکھنا چاہئے۔

روزہ چھوڑنے پر گناہ: جہاں روزہ دار کے لئے اس قدر پیاری جزا رکھی گئی ہے وہاں روزہ چھوڑ دینے والے کے لئے سزا بھی بیان کردی گئی ہے۔ روزہ چھوڑنے والوں سے مراد ایسے لوگ ہیں جو جان بوجھ کر روزہ چھوڑ دیتے ہیں۔ مریض اور مسافر اس زمرے میں نہیں آتے کیونکہ اُن کے بارہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ (سورۃ البقرہ آیت 185)

یعنی: جو تم میں سے مریض ہو یا سفر میں ہو تو اُسے اور دنوں میں یہ تعداد پوری کرنا ہوگی۔

اور ایسے لوگ جو دائمی مریض ہوں اور کبھی بھی روزہ نہ رکھ سکیں تو ان کے لئے فرمایا کہ

وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ (سورۃ البقرہ آیت 185)

اور ان لوگوں پر جو روزہ کی طاقت نہ رکھتے ہوں ایک مسکین کا کھانا دینا فدیہ کے طور پر واجب ہے آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی جان بوجھ کر روزہ چھوڑنے والے کو تنبیہ فرمائی ہے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جو شخص شرعی رخصت اور بیماری کے بغیر جان بوجھ کر ایک روزہ بھی چھوڑ دے تو یہ اس قدر بڑا گناہ ہے کہ اگر اس کی بجائے ساری عمر بھی بدلہ کے طور پر روزے رکھے تو بھی اس جان بوجھ کر چھوڑے ہوئے روزہ کی تلافی ممکن نہیں ہے۔''

(سنن ابوداؤد)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو دوسری امتوں کی طرح اس اُمت میں کوئی قید نہ رکھتا مگر اس نے قیدیں بھلائی کے واسطے رکھی ہیں۔ میرے نزدیک اصل یہی ہے کہ جب انسان صدق اور کمال اخلاص سے باری تعالیٰ میں عرض کرتا ہے کہ اس مہینہ میں مجھے محروم نہ رکھ تو خدا تعالیٰ اسے محروم نہیں رکھتا اور ایسی حالت میں اگر انسان ماہِ رمضان میں بیمار ہو جائے تو یہ بیماری اس کے حق میں رحمت ہوتی ہے کیونکہ ہر ایک عمل کا مدار نیت پر ہے مومن کو چاہئے کہ وہ اپنے وجود سے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی راہ میں دلاور ثابت کرے جو شخص روزہ سے محروم رہتا ہے مگر اس کے دل میں نیت درد دل سے تھی کہ کاش میں تندرست ہوتا اور روزہ رکھتا اور اس کا دل اس بات کے لئے گریاں ہے تو فرشتے اس کے لئے روزہ رکھیں گے بشرطیکہ بہانہ جُو نہ ہو تو خدا تعالیٰ اُسے ہرگز ثواب سے محروم نہ رکھے گا۔ یہ ایک باریک امر ہے کہ اگر کسی شخص پر اپنے نفس کے کسل کی وجہ سے روزہ گراں ہے اور اپنے خیال میں یہ گمان کرتا ہے کہ میں بیمار ہوں اور میری صحت ایسی ہے کہ اگر ایک وقت میں نہ کھاؤں تو فلاں فلاں عوارض لاحق ہوں گے اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا تو ایسا شخص جو خدا تعالیٰ کی نعمت کو خود اپنے اُوپر گراں گمان کرتا ہے کب اس ثواب کا مستحق ہوگا۔ ہاں وہ شخص جس کا دل اس بات سے خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور میں اس کا منتظر تھا کہ آوے اور روزہ رکھوں اور پھر وہ بوجہ بیماری کے روزہ نہیں رکھ سکا تو آسمان پر روزہ سے محروم نہیں ہے۔''

(ملفوظات حضرت مسیح موعودؑ جلد نمبر 4 صفحہ 258 تا 260)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

''جوں جوں رمضان آگے بڑھتا ہے، بھیگنا شروع ہوتا ہے جب اختتام اور عید کے قریب پہنچنے لگتا ہے تو آنسوؤں سے بھیگتا ہے۔ جتنا زیادہ آپ رمضان میں آگے بڑھتے ہیں اُتنا زیادہ یہ قریب ہوتا چلا جاتا ہے...... بھیگتا چلا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ محبت میں ایک خاص چمک پیدا ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک گہرا تعلق انسان محسوس کرنے لگتا ہے کہ بعض دفعہ وہ سمجھتا ہے کہ یہی میری زندگی کا آخری دن ہوتا تو بہتر تھا کیونکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے اُسے خاص رحمت و پیار کے جلوے نصیب ہوتے ہیں اور یہ جو رحمت کا چھینٹا ہے یہ عام ہے۔ کسی اور مہینے میں اس کثرت کے ساتھ خدا کی رحمت کے ایسے چھینٹے نہیں پھینکے جاتے جو دنیا کے ہر کونے اور ہر ملک میں برس رہے ہوں اور جس کسی پر بھی پڑیں اُسے خوش نصیب بنا دیں اس

لئے رمضان کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے۔ رمضان المبارک میں جو لوگ روزے نہیں رکھتے وہ تصور بھی نہیں کر سکتے کہ وہ کن نیکیوں سے محروم رہ گئے ہیں۔ چند دن کی بھوک انہوں نے برداشت نہیں کی۔ چند دن کی پابندیاں انہوں نے برداشت نہیں کیں اور بہت ہی بڑی نعمتوں سے محروم رہ گئے اور پہلے سے اور بھی زیادہ دنیا کی زنجیروں میں جکڑے گئے کیونکہ جو رمضان کی پابندیاں برداشت نہیں کر سکتا اس کی عادتیں دنیا سے مغلوب ہو جاتی ہیں اور وہ درحقیقت اپنے آپ کو مادہ پرستی کے بندھنوں میں خود جکڑنے کا موجب بن جایا کرتا ہے۔ یہ لوگ دن بدن ادنیٰ زندگی کے غلام ہوتے چلے جاتے ہیں اس کے بعد اگر چاہیں بھی تو پھر ان بندھنوں کو توڑ کر ان سے آزاد نہیں ہو سکتے۔ اس لئے یہ بہت ضروری فیصلہ ہے کہ رمضان کی چند دن کی پابندیاں بشاشت اور ذوق شوق سے قبول کی جائیں۔...... ''تم یہ پابندیاں اختیار کر کے دیکھو تو تمہیں معلوم ہوگا کہ اس کے فائدے لامتناہی ہیں۔ چند دن کی سختیاں بہت وسیع فائدے ایسے چھوڑ جائیں گی کہ سارا سال تم ان چند دنوں کی کمائیاں کھاؤ گے۔''

(خطبہ جمعہ فرمودہ 15 اپریل 1988ء)

پس ہمیں چاہیے کہ ہم کوشش کریں اور نیک نیت ہو کر روزہ رکھیں تاکہ وہ حضرت احدیت کے دربار میں شرف قبولیت پائے۔

مقبول روزہ کے لوازمات: اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا روزہ اللہ تعالیٰ کے حضور مقبول ہو تو ہمیں وہی طریق اختیار کرنا چاہیے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اختیار فرمایا کرتے تھے یعنی عبادت میں پہلے سے بڑھ جاتے تھے۔ تہجد پڑھتے تھے۔ قرآن کریم کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ راتوں کو زندہ کرتے تھے۔ صدقہ وخیرات میں تیز ہوا کی مانند ہو جاتے تھے یعنی بہت زیادہ صدقہ وخیرات کرتے تھے۔ کوئی سائل خالی ہاتھ نہ جاتا تھا بلکہ یہ بھی تلقین فرماتے تھے کہ اگر تمہیں کوئی گالی دے تو تم اس کو فقط یہی کہدو کہ اِنِّیْ صَائِمٌ کہ مَیں تو روزے سے ہوں۔

(۱) نماز تراویح: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز تہجد پڑھا کرتے تھے جو گیارہ رکعات پر مشتمل ہوتی۔ یعنی آٹھ رکعت نفل دو، دو کر کے اور پھر آخر پر تین وتر 2 اور ایک رکعت کی صورت میں۔ آپؐ نے نماز تہجد اوّل رات میں بھی پڑھی لیکن تراویح کی موجودہ صورت باجماعت کے حوالے سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ مبارک میں شروع ہوئی۔ چنانچہ حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت دائمی تو وہی آٹھ رکعات ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کے وقت ہی پڑھا کرتے تھے اور یہی افضل ہے مگر پہلی رات بھی پڑھ لینا جائز ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے رات کے اوّل حصہ میں اسے پڑھا۔ بیس رکعات بعد میں پڑھی گئیں مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت وہی تھی جو پہلے بیان ہوئی۔''

(البدر۔ 6 فروری 1908ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''رمضان میں صرف روزوں کی تلقین نہیں کرنی چاہئے بلکہ روزوں کے لوازمات کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے۔ مَیں نے ایک دفعہ سرسری طور پر جائزہ لیا نوجوانوں سے پوچھنا شروع کیا روزہ رکھا یا نہیں رکھا؟ کیسا رہا؟ کس طرح رکھا؟ تو اکثریہ دیکھا گیا یعنی اکثر یہ جواب ملا کہ ہم نے سحری کھا کر روزہ رکھا اور نفلوں کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ حالانکہ حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک کے روزے تم پر فرض کئے ہیں اور میں نے اس میں تہجد کی سُنّت تمہارے لئے قائم کردی ہے۔ پس تہجد ویسے بھی بہت اچھی چیز ہے۔ قرآن کریم نے اس کو بہت ہی تعریف کے رنگ میں پیش فرمایا ہے اور اس کی بہت سی برکتیں بیان فرمائی ہیں۔ یہ مقام محمود تک لے جانے والی چیز ہے لیکن رمضان المبارک سے تہجد کا بہت گہرا تعلق ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا روایت فرماتی ہیں کہ میں نے رمضان کے سوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنی لمبی تہجد پڑھتے کبھی نہیں دیکھا بعض دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً ساری رات کھڑے ہو کر گزار دیتے تھے۔''
(خطبہ جمعہ فرمودہ 15 / اپریل 1988ء)

بچوں کو تہجد کی خصوصی تلقین کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''رمضان کے ساتھ تہجد کا بہت ہی گہرا تعلق ہے۔ وہ روزے جو تہجد سے خالی ہیں وہ بالکل ادھورے اور بے معنی روزے ہیں اس لئے بچوں کو خصوصیت کے ساتھ تہجد کی تلقین کرنی چاہئے۔ قادیان یا ربوہ کے جس ماحول کا میں نے ذکر کیا ہے اس میں عموماً یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا تھا خصوصاً قادیان میں کہ کوئی بچہ اُٹھ کر آنکھیں ملتا ہوا کھانے کی میز پر آجائے۔ اس کے لئے لازمی تھا کہ وہ ضرور پہلے نفل پڑھے۔ لازمی ان معنوں میں کہ سبھی کرتے تھے۔ اس نے یہی دیکھا تھا اور وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ بعض دفعہ بچے کی Late آنکھ کھلتی ہے یعنی زیادہ دیر ہو جاتی ہے تو کھانا بھی جلدی نہیں کھاتا ہے لیکن قادیان کے بچے تہجد بھی جلدی میں پڑھتے تھے یہ نہیں کرتے تھے کہ اب تہجد پڑھنے کا وقت نہیں رہا صرف کھانا کھائیں بلکہ اگر کھانے کے لئے تھوڑا وقت ہے تو تہجد کے لئے بھی تھوڑا وقت تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ دو نفل جس کو عام طور پر ٹکریں مارنا کہتے ہیں اس طرح نفل پڑھے اور اسی طرح کا کھانا کھایا یعنی دو لقمے جلدی جلدی کھائے لیکن انصاف کا تقاضا یہ تھا کہ روحانی غذا کی طرف بھی توجہ دیں اور جسمانی غذا کی طرف بھی توجہ دیں اور یہ انصاف ان کے اندر پایا جاتا تھا جو ان کو بچپن سے ماؤں نے دودھ میں پلایا ہوا تھا''
(خطبہ جمعہ فرمودہ 22 / اپریل 1988ء)

(۴) صدقہ وخیرات: رمضان کے لوازمات میں سے صدقہ وخیرات بہت اہمیت رکھتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں آتا ہے کہ آپؐ رمضان میں تیز چلنے والی آندھی کی طرح صدقہ وخیرات دیا کرتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ

''سب سے افضل اور بہترین صدقہ وہ ہے جو رمضان میں خیرات کیا جائے۔'' (ترمذی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عام دنوں میں بھی صدقہ وخیرات میں کمی نہ کرتے تھے لیکن رمضان المبارک میں تو آپؐ

کی سخاوت کا عالم ہی کچھ اور ہوتا تھا۔ چنانچہ حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ جب رمضان المبارک کا مہینہ آ جاتا تو آنحضرت قیدیوں کو بھی آزاد کر دیتے اور ہر ایک سوالی کو عطا فرماتے تھے۔ (بیہقی)

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے دنوں میں بہت کثرت سے صدقہ و خیرات کیا کرتے تھے۔ احادیث میں آتا ہے کہ رمضان کے دنوں میں آپ تیز چلنے والی آندھی کی طرح صدقہ کیا کرتے تھے اور در حقیقت یہ قومی ترقی کا ایک بہت بڑا گر ہے کہ انسان اپنی چیزوں سے دوسروں کو فائدہ پہنچائے۔ تمام قسم کی تباہیاں اس وقت آتی ہیں جب کسی قوم کے افراد میں یہ احساس پیدا ہو جائے کہ ان کی چیزیں انہی کی ہیں دوسروں کا ان میں کوئی حق نہیں۔......... دنیا کے نظام کی بنیاد اس اصل پر ہے کہ میری چیز دوسرا استعمال کرے اور رمضان اس کی عادت ڈالتا ہے۔'' (تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 376-375)

(۳) سحری کھانا: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پورے رمضان المبارک کو ہی برکت کا موجب بتایا ہے حتّٰی کہ اس مہینہ میں کھانا کھانا بھی ثواب کا موجب ہے اور کھانا محض اللہ تعالیٰ کی خاطر چھوڑ دینا بھی کارِ ثواب ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں آتا ہے کہ

''عن انس رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول صلی اللہ علیہ وسلم : تَسَحَّرُوا فَاِنَّ فِی السُّحُوْرِ بَرَکَۃً'' (صحیح بخاری. کتاب الصوم باب برکۃ السّحور)

یعنی حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے کے دنوں میں سحری کھایا کرو کیونکہ سحری کھانے میں برکت ہے۔

بعض اوقات انسان بیمار ہوتا ہے یا ایسے بچے جن پر روزہ ابھی فرض نہیں ہوتا تو بڑوں کو چاہئے کہ ان کو ایک تو تہجد کے نوافل کی تحریک کریں اور دوسرا سحری کھانے میں شامل کریں۔ اس سے ایک تو انہیں رمضان میں صبح جلدی اٹھنے کی عادت پڑے گی اور دوسرے آئندہ زندگی میں روزہ رکھنے میں کوئی دقت پیش نہ آئے گی۔

اعتکاف: بخاری اور مسلم دونوں کتب صحیحہ کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے پہلے عشرہ میں بھی اعتکاف کیا، دوسرے میں بھی اور تیسرے میں بھی لیکن بعد میں خود فرمایا کہ آخری عشرہ میں اعتکاف کیا کرو اور لیلۃ القدر کو آخری عشرہ میں تلاش کیا کرو۔ یہ حدیث اعتکاف کے بارہ میں ہماری راہنمائی کرتی ہے کہ آپ کی سنّتِ متواترہ یہی تھی کہ آخری عشرہ رمضان میں اعتکاف کیا کرتے تھے۔

''عن عائشۃ رضی اللہ عنہا اَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یَعْتَکِفُ العَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حتّٰی تَوَفَّاہُ اللّٰہُ تَعالیٰ ثُمَّ اعْتَکَفَ اَزْوَاجُہٗ مِنْ بَعْدِہٖ.

(بخاری کتاب الاعتکاف باب الاعتکاف فی العشر الاَوَاخِرِ)

حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرتؐ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کیا کرتے تھے اور وصال تک آپؐ

کا یہی طریق رہا۔ بعد ازاں آپ کی ازواجِ مطہرات نے اس سُنّت کو جاری رکھا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اعتکاف ایسا پیارا ہوتا تھا کہ دورانِ اعتکاف آپ اپنے رب سے راز و نیاز میں لگے رہتے تھے۔ ترمذی اور ابن ماجہ اور سنن ابو داؤد کے مطابق حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرتؐ رمضان کے آخری دس دن اعتکاف کیا کرتے تھے۔ ابو داؤد اور ابن ماجہ کے مطابق حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرتؐ فجر کی نماز پڑھ کر معتکف میں داخل ہوتے تھے اور اعتکاف کی حالت میں چلتے چلتے بیمار کی عیادت کرتے تھے ٹھہرتے نہ تھے۔ پھر فرمایا کہ اعتکاف کرنے والا کسی بیمار کی عیادت نہ کرے اور نمازِ جنازہ میں حاضر نہ ہو اور بیوی سے صحبت نہ کرے اور اعتکاف والی جگہ سے کسی کام کے لئے نہ نکلے سوائے اشد مجبوری کے اور روزہ کے بغیر اعتکاف مکمل نہیں ہوتا اور اعتکاف کے لئے مناسب ترین جگہ جامع مسجد ہے۔

بخاری اور مُسلم دونوں یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ

حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ اعتکاف کے دوران آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوائے قضائے حاجت وغیرہ کے گھر میں نہ آتے تھے اور مسجد سے ہی اپنا سر مبارک میرے قریب کر دیتے تھے اور مَیں آپؐ کے سر مبارک میں کنگھی کر دیا کرتی تھی۔ (متفق علیہ بحوالہ مشکوٰۃ باب الاعتکاف) پس ہمیں بھی اس کے مطابق اعتکاف کرنا چاہئے۔

لیلۃ القدر: لیلۃ القدر کے بارہ میں اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (سورۃ القدر)

کہ لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر رات ہے۔

اور لیلۃ القدر کے بارے میں اگر ہم بخاری، سنن ابی داؤد اور بیہقی کی روایات کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ لیلۃ القدر پہلی رمضان، سترھویں رمضان، انیسویں، اکیسویں، تیئسویں، چوبیسویں، پچیسویں، ستائیسویں اور انتیسویں رمضان میں سے کسی رات کو ہو سکتی ہے۔ گویا زیادہ تر آخری عشرے کی تمام راتوں میں لیلۃ القدر کا بیان ملتا ہے۔

یعنی سبق یہ ہے کہ آخری عشرہ میں بالخصوص اور تمام رمضان میں بالعموم غیر معمولی عبادت کر کے انسان اپنی روح پر اور دل پر چھائی ہوئی تاریکی کو دور کرے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ

عَنْ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما اَنَّ رِجَالاً مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِی صَلَّی اللّٰہ علیہ وسلم اُرُوْا لَیْلَۃَ الْقَدْرِ فِی الْمَنَامِ فِی السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اَرٰی رُؤْیَاکُمْ قَدْتَوَاطَأَتْ فِی السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ کَانَ مُتَحَرِّیْھَا فَلْیَتَحَرَّھَا فِی السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ۔ (صحیح بخاری کتاب الصوم باب التمسوا لیلۃ القدر فی السبع الاواخر)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ کے کچھ صحابہؓ کو لیلۃ القدر خواب میں رمضان کے آخری سات دن میں دکھائی گئی اس پر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میں دیکھتا ہوں کہ تمہارے خواب رمضان کے آخری ہفتہ پر متفق ہیں اس لئے جو

شخص لیلۃ القدر کی تلاش کرنا چاہے وہ رمضان کے آخری ہفتہ میں کرے۔

لیلۃ القدر دیکھنے پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دعا سکھائی ہے وہ بھی ہمیں یاد کرنی چاہئے اور یہ دعا ایسی جامع ہے کہ ہمیں دورانِ رمضان ویسے بھی اس کا ورد کرتے رہنا چاہئے۔

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالتْ ! یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِنْ عَلِمْتُ اَیَّ لَیْلَۃٍ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ مَا اَقُوْلُ فیھا؟ قال : قُوْلِی . اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

(جامع ترمذی کتاب الدعوات۔و مسند احمد بن حنبل و سنن ابنِ ماجہ)

حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ! مجھے بتائیے کہ اگر مجھے علم ہو جائے کہ کون سی رات لیلۃ القدر کی رات ہے تو میں کون سی دعا پڑھوں تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا تو یہ دعا پڑھ۔ اللّٰھم انک عفو تُحِبُّ العفوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ۔کہ اے ہمارے رب تو مجسم عفو ہے اور عفو کرنے والے کو پسند کرتا ہے پس تو مجھ سے بھی عفو کا سلوک کر) دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ لیلۃ القدر نصیب کرے جو ہزار مہینوں سے بہتر رات ہے۔

رمضان المبارک کا پیغام: ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

”رمضان یا دوسری عبادتوں کے بعد ہمیں یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ ہمارا فرض ختم ہو گیا۔ اگر ہم نے رمضان میں کچھ کمایا نہیں تو ہمارے لئے کون سی بات ہے اور اگر کمایا ہے تو پھر اس خزانہ کی حفاظت ضروری ہے جو حاصل کیا ہے تا چور نہ لے جائیں۔ یاد رکھو چور ہمیشہ وہیں پڑتا ہے جہاں کچھ ہو۔ جب تم نے کوئی نیکی کی ہے اور خزانہ جمع کیا ہے تو کیا سمجھتے ہو شیطان اب تم پر حملہ آور نہیں ہوگا بس اگر تم نے رمضان میں کچھ کمایا نہیں تو تمہارا فخر فضول ہے اور اگر کمایا ہے تو یاد رکھو کہ اب ڈاکہ ضرور پڑے گا۔ اب تمہارے گھر میں خزانہ ہے جسے شیطان ضرور چرانے کی کوشش کرے گا۔ اب وقت ہے کہ زیادہ سے زیادہ فکر کے ساتھ ہم اپنے ان خزائن کی حفاظت کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ خدایا ہم پہلے بالکل فقیر تھے۔ چور اور ڈاکوؤں کی نظر ہم پر نہ پڑتی تھی مگر اب تو نے اپنے فضل سے ہمیں ایک خزانہ بخش دیا ہے کیونکہ تو نے ہمیں روزوں کی توفیق دی۔............ یہ خزانہ بھی (جو ہم نے رمضان میں کمایا ہے) نظر نہیں آتا اور اس کو چرانے والا بھی نظر نہیں آسکتا......اس لئے ہمارے خدا تو ہی خزانہ کی حفاظت فرما تو نے ہمیں یہ بخشا ہے اور تو ہی اس کی حفاظت فرما تا کہ ہم پھر خالی ہاتھ تیرے پاس نہ آئیں۔“

(خطبہ جمعہ فرمودہ جولائی 1984ء)

یہی وہ درس اور پیغام ہے جو رمضان ہمیں دیتا ہے کہ ہم ایک خزانہ رحمتوں اور برکتوں کا جمع کریں اور پھر اس کی حفاظت میں لگ جائیں۔ آیئے اس سلسلہ میں یاددہانی کے طور پر کچھ دُہرائی کرلیں۔

روزہ کیا ہے؟ اس کے لئے کیا کیا باتیں ضروری ہیں۔ کیسے رکھا اور کھولا جاتا ہے۔ کب اور کس کو رخصت ہے۔ جان بوجھ کر روزہ توڑنے کا کفارہ کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔

(ا) روزہ رکھنے کے لئے نیت ضروری امر ہے۔(ترمذی)

(۲) روزہ کے لئے سحری کھانا ضروری امر ہے گو اگر کسی وجہ سے سحری نہ کھائی جا سکے تو بھی روزہ ہو جاتا ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند نہیں فرمایا کہ سحری کے بغیر روزہ رکھا جائے اور اس بارہ میں بخاری میں حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ سحری کھانے میں برکت رکھی گئی ہے۔

(۳) بیمار اور مسافر کو روزہ سے رخصت ہے لیکن وہ رمضان المبارک کے بعد اپنے چھوڑے ہوئے روزے پورے کرے گا۔

(۴) بیمار اور مسافر کے علاوہ حاملہ خواتین اور دودھ پینے والے بچوں کی ماؤں کے لئے اور ایام مخصوصہ والی عورتوں کو بھی روزہ سے رخصت ہے لیکن بعد میں یہ گنتی پوری کرنا ضروری ہے۔

(۵) جو شخص دائم المرض ہے یعنی رمضان المبارک کے بعد بھی سارا سال روزے پورے کرنے کی توفیق نہ پا سکے تو اسے فدیہ دینا چاہئے۔ فدیہ کم از کم اتنی رقم پر مشتمل ہونا ضروری ہے کہ ایک آدمی صبح اور شام دو وقت کا کھانا آسانی سے کھا سکے۔

(۶) جان بوجھ کر روزہ توڑنا سخت گناہ ہے اور ایسے شخص پر ساٹھ روزے مسلسل رکھنا واجب ہو جاتے ہیں اور اگر وہ روزہ رکھنے کی طاقت نہ پاتا ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا حکم ہے لیکن شدتِ پیاس یا کسی عذر کی بناء پر مجبور ہو کر روزہ کھول لینے کا کفارہ نہیں ہے۔ صرف یہی کافی ہے کہ بعد میں وہ روزہ رکھ کر تعداد پوری کرے۔

(۷) علاوہ ازیں مسواک کرنے، خوشبو لگانے اور سونگھنے، خون دینے، بھول کر کچھ کھا پی لینے، سر میں تیل ڈالنے وغیرہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ ٹیکہ لگوانے، سرمہ ڈالنے وغیرہ سے روزہ مکروہ ہو جاتا ہے لہٰذا ٹیکہ بھی نہیں لگوانا چاہئے اور سرمہ بھی نہیں ڈالنا چاہئے۔

بعض لوگ چھوٹے چھوٹے عذر کی وجہ سے روزہ چھوڑ دیتے ہیں جو کہ درست نہیں ہے اس بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''میری تو یہ حالت ہے کہ مرنے کے قریب ہو جاؤں تب روزہ چھوڑتا ہوں طبیعت روزہ چھوڑنے کو نہیں چاہتی۔ یہ مبارک دن ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کے نزول کے دن ہیں۔'' (ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد دوم صفحہ 203)

ہمیں رمضان المبارک کس طرح گزارنا چاہئے اور کیسی دعائیں کرنی چاہئیں۔ اس بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''میرے نزدیک خوب ہے کہ انسان دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ۔ یا فوت شدہ روزوں کو ادا کر سکوں یا نہ اور اس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا۔'' (ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد چہارم صفحہ 288)

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں مقبول روزے رکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور صحیح معنوں میں اپنے رمضان کی حفاظت اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والی نیکیوں کی حفاظت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

☆ ☆ ☆

تین باوفا جانثارانِ احمدیت کا ذکرِ خیر

1۔ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب

(مرتبہ: مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب)

جماعت احمدیہ کے معروف اور ممتاز فزیشن مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع میر پور خاص کو 8 ستمبر 2008ء کو دوپہر اڑھائی بجے کے قریب ان کے ہسپتال ''فضل عمر کلینک'' واقع ڈھولن آباد میر پور خاص سندھ میں مریضوں کے معائنہ کے لئے راؤنڈ پر جاتے ہوئے گولیاں مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ آپ کی عمر 46 سال تھی۔ مقتول ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب نہ صرف جماعت احمدیہ کے ضلعی امیر اور ممتاز فزیشن تھے، بلکہ سندھ بھر میں غریب عوام کے لئے بے لوث کام کرنے والے اور سماجی لحاظ سے مخلوق خدا کے ممتاز خادم تھے۔

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب پر اس وقت حملہ کیا گیا جب وہ مریضوں کے معائنہ کے لئے راؤنڈ پر جا رہے تھے اور ہسپتال کی اندرونی سیڑھیوں میں تھے۔ حملہ آور دو تھے جو ہسپتال کے عقبی دروازہ سے داخل ہوئے اور حملہ کے بعد وہیں سے فرار ہو گئے۔ محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم کو 9 گولیاں لگیں۔

ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ان کے گارڈ مکرم عارف صاحب (جو احمدی ہیں) کو بھی 7 گولیاں لگی ہیں ان کی حالت تشویشناک ہے اور وہ کراچی میں زیر علاج ہیں۔ اس کے علاوہ دو مریض بھی زخمی ہوئے ہیں۔ حملہ آوروں میں سے ایک باریش اور دوسرا نقاب پوش تھا۔ ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کا یہ بہیمانہ قتل، مذہب کے نام پر قتل و غارت گری کرنے والے متعصب مخالفین احمدیت کے انتہائی بغض و عناد کا آئینہ دار ہے۔ جس کا اظہار پورے ملک میں اکثر و بیشتر ہوتا رہتا ہے۔

واضح رہے کہ ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی کے قتل سے ایک روز قبل ایک معروف ٹی وی ''جیو'' کے پروگرام ''عالم آن لائن'' میں جماعت احمدیہ کے خلاف انتہائی بغض و نفرت کا اظہار کرنے کے علاوہ کھلے عام احمدیوں کے واجب القتل ہونے کے فتوے دیئے گئے اور عوام کے جذبات کو معصوم احمدیوں کے خلاف انگیخت کرنے میں گھناؤنا کردار ادا کیا گیا۔

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کو مختلف شعبہ جات میں جماعتی خدمات کی توفیق ملی۔ 1995ء تا وفات 13 سال تک آپ نے بطور امیر ضلع میر پور خاص فرائض انجام دیئے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے 12 مارچ 1996ء کو آپ کے پہلی مرتبہ امیر ضلع منتخب ہونے پر منظوری عطا فرمائی تھی۔ آپ کے والد محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب 1959ء تا 1989ء 30 سال تک اس عہدہ پر فائز رہے۔ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب 1995ء میں

سیکرٹری امور عامہ جماعت احمدیہ میر پور خاص بھی رہے۔

محترم ڈاکٹر صاحب موصوف مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان میں دو سال قائد علاقہ حیدر آباد رہے۔ اس کے علاوہ آپ 97-1996ء میں نگران صوبہ سندھ مجلس خدام الاحمدیہ بھی رہے۔ آپ کی خدمت خلق کے شعبہ میں غیر معمولی خدمات ہیں۔ آپ تھر پارکر کے علاقے نگر پارکر میں ہر ماہ ذاتی طور پر میڈیکل کیمپ لگاتے اور خود تشریف لے جا کر مریضوں، ناداروں اور ضرورت مندوں کی طبی امداد کرتے۔ میر پور خاص کے علاوہ آپ کی پورے صوبہ سندھ میں شہرت اور نیک نامی تھی۔ احمدی افراد کے علاوہ دوسرے احباب میں بھی یکساں مقبول اور ہر دلعزیز تھے۔ آپ کی بزرگ والدہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب خدا تعالیٰ کے فضل سے بقید حیات ہیں۔

مورخہ 9 ستمبر 2008ء کو صبح گیارہ بجے شہید بھائی کی میت ربوہ پہنچی تو دارالضیافت میں بزرگانِ سلسلہ اور کثیر تعداد میں آنے والے احباب جماعت نے استقبال کیا۔ اس سے قبل جب نعش کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز فیصل آباد پہنچی تو ائیر پورٹ پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی، مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید، مکرم شیخ مظفر احمد صاحب صدر بورڈ وقف جدید و امیر جماعت ضلع فیصل آباد، مکرم ملک خالد مسعود صاحب صدر مجلس کارپرداز ربوہ، مکرم چوہدری سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ اور مکرم سید قاسم احمد شاہ صاحب ناظر امور خارجہ اور دیگر احباب جماعت بھی موجود تھے۔

مورخہ 10 ستمبر 2008ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں مکرم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ عام قبرستان میں امانتاً تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے دُعا کرائی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں شریک ہونے کے لئے پاکستان کے مختلف شہروں سے کثیر تعداد میں احباب جماعت تشریف لائے۔

بیرون ملک امریکہ اور جرمنی سے آپ کے رشتہ داروں کے علاوہ جماعتی وفد بھی نماز جنازہ اور تدفین میں شریک ہوا۔

اس موقع پر قریباً دس خدام نے مختلف جگہوں پر ڈیوٹی انجام دی۔ وقار عمل کے ذریعہ بعض جگہوں پر راستے ہموار کئے۔ بہت بڑی تعداد میں احباب جماعت تدفین اور دعا میں شامل ہونے کے لئے قبرستان میں جمع تھے۔

محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم خدمت دین اور خدمت خلق کے میدانوں میں انتھک محنت کے عادی تھے، اس کے ساتھ ساتھ ان کے چہرے پر ہمیشہ مسکراہٹ اور بشاشت رہتی تھی۔ غریب اور نادار افراد کے لئے بے غرض، بے لوث اور تندہی سے کام کرتے۔ ان کی مالی، طبی اور ہر قسم کی امداد کرتے۔ ان کی راہ مولیٰ میں قربانی سے نہ صرف جماعت احمدیہ بلکہ خدمت خلق کے حوالے سے ایک خلا پیدا ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ خلا پُر فرمائے اور ان جیسے سینکڑوں ہزاروں

افراد جماعت کو عطا فرمائے۔

آپ ایک دلیر، جرأت مند، بے لوث، ہنس مکھ طبیعت کے مالک، ہمدرد، غمخوار، بغیر لالچ کے دوسروں کے کام آنے والے، ملنسار، مہمان نواز اور خلافت کے ساتھ بے انتہا انس و محبت رکھنے والے اور خلیفۃ المسیح کے ہر اشارے پر عمل کرنے والے اور اطاعت کے اعلیٰ معیار پر فائز تھے۔ مربیان سلسلہ و اقفین زندگی اور مرکزی مہمانوں کی خدمت اور مہمان نوازی اپنا فرض اولین سمجھتے تھے، اپنے ضلع کی ہر چھوٹی سے چھوٹی اور دور دراز کی جماعت کا خود دورہ کرتے اور احباب جماعت سے ذاتی تعلق اور رابطہ رکھتے۔ سندھ اور تھرپارکر کے علاقوں مٹھی، ننگر پارکر میں باقاعدگی سے میڈیکل کیمپس لگاتے اور غریبوں کا خود علاج کرتے جب بھی کسی نے آپ سے نسخہ پوچھا، فوراً موقع پر ہی نسخہ لکھ دیا۔ غیر از جماعت آپ کو سلام کرنے کے لئے راستوں میں کھڑے ہوتے اور کسی بزرگ کی طرح آپ کی عزت کرتے۔

آپ کو انجمن تحریک جدید اور مرکزی منصوبہ بندی کمیٹی صدر انجمن احمدیہ کے رکن ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ مکرم ڈاکٹر صاحب المہدی ہسپتال مٹھی کے میڈیکل بورڈ کے صدر بھی تھے۔ آپ کی خدمات المہدی ہسپتال مٹھی کی تعمیر میں بھی قابل ذکر ہیں۔ وقف جدید کے لئے آپ نے بہت سے کام کئے احمدیہ میڈیکل ایسوی ایشن میرپورخاص کے آپ صدر تھے۔ مرحوم ڈاکٹر صاحب کو دعوت الی اللہ کا خاص شوق تھا اور مختلف وفود مرکز خود بھی لے کر آتے رہے اور اپنی نگرانی میں بھی بھجواتے رہے۔

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب اپنے والدین کی شادی کے گیارہ سال بعد مارچ 1962ء میں پیدا ہوئے۔ اور اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔ آپ نے سندھ میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کی تعلیم حاصل کی اور 1988ء میں ہاؤس جاب مکمل کر کے مزید تعلیم کے لئے امریکہ چلے گئے۔ وہاں سے آپ نے تھامس جیفرسن (Thomas Jefferson) یونیورسٹی فلاڈیلفیا سے 1990ء تک الٹرا ساؤنڈ ٹریننگ حاصل کی۔ 1991ء تا 1995ء انٹرنل میڈیسن میں پوسٹ گریجوایشن کی تعلیم مکمل کی اور 1998ء میں امریکن بورڈ آف انٹرنل میڈیسن کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔

تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے وہاں ہی ملازمت کا پروگرام بنایا۔ آپ کے والد گرامی کو جب پتہ چلا تو انہوں نے اپنے اکلوتے بیٹے کو امریکہ لکھا کہ میں نے اپنے اس علاقہ کی خدمت کے لئے آپ کو میڈیکل میں اعلیٰ تعلیم دلوائی ہے اور حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر ہم یہاں بیٹھے ہیں، ہم نے یہاں ہی خدمت کرنی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ یہ سلسلہ جاری رہے، اپنے والد صاحب کی اس نصیحت اور خواہش کو پورا کرنے کے لئے آپ امریکہ سے فوراً میرپورخاص تشریف لے آئے اور خدمات کا سلسلہ شروع کیا اور اپنے والد کا خواب پورا کر دکھایا۔

اپریل 1998ء میں اپنے والد صاحب کی وفات کے بعد ہسپتال کو سنبھالا۔ انہوں نے اس ہسپتال کو ایک چھوٹے

سے کلینک سے ترقی دے کر مکمل ہسپتال بنایا، جس میں اب ہر قسم کی طبی سہولتیں اور آپریشنز کا انتظام موجود ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے میں اللہ تعالیٰ کا فضل، ان کے والدین کی متضرعانہ دعائیں اور ان کی شبانہ روز کی محنت کا دخل ہے۔

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعودؑ آپ کے نانا تھے۔ آپ کی والدہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ تہجد گزار، دعائیں کرنے والی اور قلب سلیم رکھنے والی شفیق اور مہربان خاتون ہیں۔ آپ نے تقریباً 37 سال تک بطور صدر لجنہ اماء اللہ میرپور خاص کے فرائض انجام دیئے اور لجنہ کی ممبرات کا تعلیمی اور تربیتی لحاظ سے بہت خیال رکھا۔ اب اگرچہ آپ اپنی صحت کی کمزوری اور بزرگی کی وجہ سے کام نہیں کرسکتیں لیکن اپنی نیم شبی دعاؤں اور نیک مشوروں سے ان کی مدد کرتی ہیں۔ دینی علوم سیکھنے اور لجنہ کے مختلف کاموں میں مستورات آپ سے مستفید ہوتی رہتی ہیں۔

محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم کی شادی اپنی ماموں زاد محترمہ لمۃ الشافی صاحبہ بنت مکرم کریم احمد نعیم صاحب سے 1988ء میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو دو بچے عزیزہ امۃ الحی صدیقی اور عزیزم اسامہ صدیقی عطا فرمائے۔ محترمہ لمۃ الشافی صاحبہ لجنہ اماء اللہ میرپور خاص کی صدر ہیں ان کے والد مکرم کریم احمد نعیم صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ساتھ بچپن کے دوست تھے۔ (خلاصہ از روزنامہ الفضل)

محترم ڈاکٹر صاحب کے ظالمانہ قتل کے خلاف لاہور، کراچی اور سندھ کے مختلف علاقوں میں شدید احتجاج کیا گیا۔ میرپور خاص میں دوروزہ سوگ اور ہڑتال کا اعلان ہوا۔ اردو، انگریزی اور سندھی اخبارات میں سرکاری، سیاسی، غیر سیاسی اور سماجی شخصیات نے اس اندوہناک سانحہ کی شدید مذمت کی اور سفاک قاتلوں کی گرفتاری اور جلد ان کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا۔ احتجاج اور مذمت کرنے والوں میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین صاحب، ڈاکٹر صغریٰ جونیجو ناظمہ ضلع میرپور خاص، مظہر نواز صاحب ڈی پی او میرپور خاص، ڈاکٹر مشتاق خان صاحب اور پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن، ظفر احمد کمال صاحب نائب ناظم ضلع، سلیم رزاق صاحب زونل انچارج متحدہ قومی موومنٹ، غلام دستگیر صاحب ناظم میرپور خاص وغیرہ شامل ہیں۔

ان کے علاوہ ہیومن رائٹس کمیٹی پاکستان اور انٹرنیشنل فیڈریشن آف جرنلسٹ نے بھی اس واقعہ کی مذمت کی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 12 ستمبر 2008ء میں محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی شہادت کا ذکر کرتے ہوئے آپ کے اخلاص و ایثار اور سلسلہ کے لئے فدائیت کے ذکر میں فرمایا کہ ڈاکٹر صاحب خلافت احمدیت کے شیدائی اور اطاعت و وفا کا قابل تحسین نمونہ تھے۔ نیز تفصیل سے آپ کے اوصاف حمیدہ کا تذکرہ فرمایا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر صاحب کے درجات بلند کرے اور ان کی اہلیہ اور بزرگ والدہ صاحبہ کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے اور صحت و سلامتی والی لمبی زندگی کے ساتھ بچوں کی خوشیاں دکھائے۔

2۔ مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نواب شاہ (سندھ)

افسوس صد افسوس! مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب ضلعی امیر جماعت احمدیہ نواب شاہ کو 9 ستمبر 2008ء بروز منگل کی شام افطاری سے ایک گھنٹہ قبل تقریباً ساڑھے چھ بجے اپنی دکان سے گھر جاتے ہوئے راستہ میں لیاقت مارکیٹ کے قریب احمدیہ بیت الذکر کے عین سامنے کھلے بازار میں اندھادھند فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ سیٹھ محمد یوسف صاحب کو سر، گردن اور سینے میں تین گولیاں لگنے کے بعد طبی امداد کے لئے فوری طور پر مقامی ہسپتال لے جایا گیا لیکن آپریشن سے چند لمحے قبل ہی موصوف زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئے۔ آپ کی عمر 69 سال تھی۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب ولد محترم سیٹھ محمد دین صاحب 1939ء میں کوٹڑی ضلع حیدر آباد میں پیدا ہوئے اور 1956ء میں نواب شاہ میں مستقل سکونت اختیار کی۔ آپ شروع سے ہی جماعتی خدمات میں پیش پیش رہے، 1962ء میں نواب شاہ کے صدر بنے، 2 سال قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع نواب شاہ اور 14 سال تک قائد مجلس خدام الاحمدیہ علاقہ سکھر خدمات سرانجام دیں۔ 27/جنوری 1992ء کو نائب امیر ضلع نواب شاہ اور 4 دسمبر 1993ء کو پہلی مرتبہ امیر ضلع نواب شاہ کے عہدہ پر فائز ہوئے اور تاوفات یہ خدمت انجام دیتے رہے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب انتہائی کم گو، سادہ طبیعت، معاملہ فہم، صاحب فراست، دراز قد اور وجیہہ شخصیت کے مالک تھے۔ جماعتی کاموں میں ہمہ وقت تیار رہتے اور ہر معاملے کو باریک بینی سے حل کرتے۔ ضلع نواب شاہ کی ہر جماعت کا دورہ کرنا اور وہاں کے مسائل کو حل کرنا آپ کا معمول تھا۔ آپ کریانہ مرچنٹ تھے، خاص طور پر چاول کا وسیع کاروبار تھا۔ غیر از جماعت آپ کی ایمانداری کے معترف تھے، آپ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور بہت عزت کرتے تھے۔ آپ نے خدا تعالیٰ کے فضل سے 19 سال کی عمر میں 1958ء میں وصیت کی تھی۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کی نماز جنازہ مورخہ 10 ستمبر 2008ء کو بعد نماز عصر مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر رشتہ ناطہ نے احمدیہ قبرستان نوابشاہ میں پڑھائی اور تدفین بھی وہیں عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر دعا مکرم راجہ صاحب نے ہی کرائی۔ اس موقع پر کراچی اور اندرون سندھ سے آٹھ صد سے زائد احمدی احباب نے شرکت کی۔ 45 غیر از جماعت افراد بھی تدفین کے موقع پر احمدیہ قبرستان تشریف لائے، جس میں ایم کیو ایم کا ایک زونل وفد بھی شامل تھا، اس وفد میں زونل انچارج، دو کونسلر اور دو ناظم شامل تھے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب سلسلہ کی بے لوث خدمت کرنے والے وجود تھے۔ آغاز جوانی سے ہی آپ کو خدمت دین کی توفیق ملتی رہی۔

آپ ہی کے دور صدارت میں محمود ہال نواب شاہ کی تعمیر ہوئی۔۔جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے عطا فرمایا۔آپ کی امارت کا ایک اہم کارنامہ ایوان طاہر جیسے عظیم الشان ہال کی تعمیر ہے جو آپ نے مسلسل محنت اور ذاتی نگرانی میں بنوایا۔آپ اپنی تمام عمر جماعتی خدمات میں کوشاں رہے اور دل کے مریض ہونے کے باوجود انتہائی محنت کے عادی تھے۔

آپ عمدہ اخلاق اور بہت سی خوبیوں کے مالک تھے،آپ کی مہمان نوازی پورے ضلع میں مشہور تھی۔ہر مہمان کو خود ملتے اور ان کی خبر گیری کرتے۔جب کبھی کوئی مہمان ان کی دکان پر آتا تو اپنے سب کام چھوڑ کر اس کی مہمان نوازی اور مسائل حل کرنے کی طرف متوجہ ہو جاتے۔نواب شاہ کے غیر از جماعت ان کی بات ادب سے سنتے اور ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔آپ بہت ملنسار،خدمت خلق کرنے والے،غرباء کا خیال کرنے والے،اپنے پرائے کا درد رکھنے والے اور ہر دلعزیز انسان تھے۔ہر شخص کو سلام کرنا عزت واحترام سے پیش آنا ان کا وطیرہ تھا۔آپ نے کبھی کسی کی دل شکنی نہیں کی۔واقفین زندگی کا خاص احترام اور ان کی تمام ضروریات کا خیال رکھتے تھے اور بچوں سے بے انتہا شفقت سے پیش آنا ان کا معمول تھا۔ اپنی شہادت کے صرف ایک دن قبل محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی راہ مولیٰ میں قربانی کی خبر سن کر بہت غمزدہ تھے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر صاحب کی سندھ میں بہت خدمات تھیں پورے سندھ کے لئے ان کا وجود بہت مفید تھا۔

جماعتی خدمات کے دوران محترم سیٹھ صاحب کا مرکز سلسلہ سے بہت پختہ رابطہ رہتا تھا،ہر معاملے میں متعلقہ شعبہ سے راہنمائی حاصل کرتے،رپورٹ کارگزاری بروقت اور تفصیلی ارسال کرتے،مرکز سے موصول ہونے والے خطوط کا بروقت جواب دیتے،اچھے مزاج اور سادہ طبیعت ہونے کی وجہ سے ہر فرد جماعت سے ایک تعلق قائم ہوا تھا۔ہر معاملے کو فراست اور حکمت سے حل کرتے اور ہر تکلیف کو اپنے اوپر لیتے تھے۔

مکرم سیٹھ صاحب کے پسماندگان میں اہلیہ محترمہ نذیراں بیگم صاحبہ کے علاوہ چار بیٹے اور ایک بیٹی ہیں سب سے بڑے بیٹے مکرم عبدالسلام صاحب بعمر 44 سال 2005ء میں وفات پا گئے تھے۔مکرم محمد ادریس صاحب بعمر 42 سال نوابشاہ میں ہی کاروبار کرتے ہیں۔مکرم ڈاکٹر خالد یوسف صاحب بعمر 40 سال نواب شاہ میں کلینک کرتے ہیں۔سب سے چھوٹے بیٹے مکرم آصف داؤد صاحب بعمر 38 سال وکالت کرتے ہیں۔ان کی اکلوتی بیٹی مکرمہ ثمینہ احسان صاحبہ اہلیہ مکرم احسان اللہ قمر صاحب واہ کینٹ ضلع راولپنڈی میں ہوتی ہیں۔

مکرم سیٹھ صاحب کے بہیمانہ قتل پر پاکستان کے شرفاء نے سخت احتجاج کیا اور اس انسانیت سوز واقعہ کی شدید مذمت کی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ فرمودہ 12 ستمبر 2008ء میں آپ کی شہادت کا ذکر فرمایا اور آپ کے خلافت کے ساتھ اخلاص و وفا کے تعلق اور آپ کے حالات و خدمات کا تذکرہ فرمایا اور آپ کے بلند درجات نیز پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

3۔ مکرم شیخ سعید احمد صاحب ابن مکرم شیخ بشیر احمد صاحب کراچی

مکرم شیخ سعید احمد صاحب **ولد** مکرم شیخ بشیر احمد صاحب منظور کالونی کراچی **یکم ستمبر** 2008ء کو رات گیارہ بجے اپنی دوکان لائف میڈیکل سٹور پر بیٹھے تھے کہ دو نقاب پوش مسلح نوجوان آئے۔ جن کی عمریں 30، 32 سال تھیں انہوں نے شیخ صاحب پر فائر کرنے شروع کیے 3 فائر آپ کو لگے۔ جس پر ان کو طبی امداد کے لئے جناح ہسپتال لے جایا گیا۔ یہاں 13 دن زیر علاج رہ کر مورخہ 13 ستمبر بروز ہفتہ صبح تین بجے اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہو گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اس دوران انہوں نے نہایت صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا۔ جماعت احمدیہ کے خدام نے دن رات بڑی جانفشانی سے ڈیوٹی سرانجام دی۔

مکرم شیخ سعید احمد صاحب 1966ء میں پیدا ہوئے۔ مرحوم کی شادی گذشتہ سال 27 نومبر 2007ء کو ربوہ میں مکرمہ صائمہ صدف صاحبہ بنت مکرم مشتاق احمد صاحب مرحوم بیوت الحمد ربوہ سے ہوئی تھی۔ اور شہادت کے رتبہ پر فائز ہونے سے پانچ دن قبل مورخہ 8 ستمبر کو اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک بیٹا عطا فرمایا۔ جس کی اطلاع مرحوم کو دی گئی تو اُن کی آنکھیں خوشی کے آنسوؤں سے بھر آئیں مگر خاموش رہے۔

مرحوم اس سے قبل بھی دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں گرفتار ہو گئے تھے اور بعد میں ضمانت پر رہا ہوئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ محترم حافظ عبدالعلی صاحب نے پڑھائی اور تدفین سٹیل ٹاؤن قبرستان کراچی میں عمل میں آئی۔

یہ ان کے خاندان میں چوتھی جان کی قربانی تھی۔ مکرم پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صاحب ...... کے بھانجے تھے۔ ان کے ایک بھائی اور والد بھی مخالفین کے ہاتھوں سے قربان ہوئے۔

مرحوم نے اپنے پسماندگان میں والدہ کے علاوہ بیوی اور ایک بیٹا تفرید احمد صاحب چھوڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

☆ ☆ ☆

خدا کرے

کلام: محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس بیگم صاحبہ

خدا کرے کہ صحبتِ امام بھی ہمیں ملے
یہ نعمتِ خلافتِ مدام بھی ہمیں ملے

خدا کرے اطاعتِ امام ہم بھی کر سکیں
خدا کرے کہ معرفت کا جام بھی ہمیں ملے

خدا کرے کہ عشقِ مصطفیٰ ہمارے دل میں ہو
رضائے حق کی مسندِ کرام بھی ہمیں ملے

ہوں اس کی بزمِ ناز کی جو صحبتیں نصیب میں
تو اس کی راہ میں طاقتِ خرام بھی ہمیں ملے

خدا کرے سجود کا سرور بھی نصیب ہو
خدا کرے کہ لذتِ قیام بھی ہمیں ملے

خدا کی بارگاہ میں ہر ایک شب گزار ہو
حسین صبح، مسکراتی شام بھی ہمیں ملے

خدا کرے ہمارا بخت نارسا نہ ہو کبھی
خدا کرے سروش کا پیام بھی ہمیں ملے

عروجِ آدمی کی ساری رفعتیں نصیب ہوں
تو قدسیوں کی بزم کا سلام بھی ہمیں ملے

خدا کرے رفاقتِ خواص بھی نصیب ہو
خدا کرے محبتِ عوام بھی ہمیں ملے

خدا کرے کہ ہم جہاں کو کرب سے نجات دیں
فلاحِ خلق کا یہ اِذنِ عام بھی ہمیں ملے

ہمیں عطا ہو کاش بحرِ علم کی شناوری
عمل کی رہ میں شہرتِ دوام بھی ہمیں ملے

کشادگی دل و نگاہ و فکر کی نصیب ہو
خدا کرے بلاغتِ کلام بھی ہمیں ملے

علومِ دُنیوی کا ہو فروغ اپنی ذات سے
تو دین کی اشاعتوں کا کام بھی ہمیں ملے

وجاہتیں ہوں دہر کی ہمارے آگے سرنگوں
تو خادمانِ دین کا مقام بھی ہمیں ملے

ہمارے ہر عمل میں عکس ہو مسیحِ پاک کا
فدائیانِ مصطفیٰ کا نام بھی ہمیں ملے

خدا کرے جہاں کی ساری نعمتیں نصیب ہوں
خدا کرے کہ جنّتِ مدام بھی ہمیں ملے

خدا کرے ہمارے دل میں اب لگن ہی اور ہو
خدا کرے کہ اب ہمارا بانکپن ہی اور ہو

(از "ہے دراز دستِ دُعا مرا" صفحہ 69)

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''حضرت سیّدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ''

برائے مجلس لجنہ اماء اللہ پاکستان 09-2008ء

قواعد، ذیلی عناوین وامدادی کتب

قواعد:

☆ عنوان مقالہ ''**حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ**''

☆ مقالہ کے الفاظ 60ہزار سے کم اور ایک **لاکھ**بیس ہزار سے زائد نہ ہوں۔ایسے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے جن کے الفاظ کی تعداد 60ہزار سے کم اور ایک **لاکھ**بیس ہزار سے زائد ہوگی۔

☆ **مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے ٹائٹل صفحہ پر نمایاں طور سے تحریر کرے۔**

☆ جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، ایڈیشن، مطبع، سن اشاعت، جلد وصفحہ نمبر درج کیا جائے۔اور حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆ کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔مقالہ کے دائیں طرف حاشیہ ضرور چھوڑیں۔

